# 32629 - وہ حج اورتجارت کے لیے سفرکرنا چاہتا ہے

**سوال**

کیامیرے لیے جائزہےکہ میں حج کے لیے سفر کروں اورمکہ سے سامان خریدوں تا کہ اپنے ملک میں بیچ کرنفع کماؤں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

حج کے موسم میں تجارت کرنی جائز ہے ، امام طبری رحمہ اللہ تعالی نے اپنی تفسیر میں اپنی سند کے ساتھ ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہما سے روایت بیان کی ہے کہ : اللہ تعالی کے فرمان تم پرکوئي گناہ نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو البقرۃ ( 198 ) کی تفسیرمیں ابن عباس رضي اللہ تعالی کہتے ہیں : احرام سے قبل اوراحرام کے بعد خریدوفروخت میں تم پرکوئي حرج نہیں۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے .